11 مارچ تا 17 مارچ 2022 | شمارہ نمبر 11 | جلد نمبر 34
1989ء سے مسلسل اشاعت
MC - 547 Price Rs. 70/-

ہفت روزہ
# پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

**FAIR TRADE (Pvt) Limted**

A Trusted & Reliable Name for Genlune Trading of Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
| --- | --- |
| Flying Paper<br>Bulleh Shah ( Packages )<br>Crown ( Fazal Paper )<br>Chenab ( A.K Ind. ) | Offset Paper<br>Bleached Board<br>Art Card |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM™

ISO 900: 2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK
ART PAPER NEVIA
NINGBO FOLD Little Star Bleach Board
pindo deli paper products
Indah Kiat Pulp and Paper Products
SINAR
VERITAC SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010
Brands of the year Award 2010
Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200 PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp
بزنس مین پینل




کراچی و لاہور میں خدمت کے 12 سال

BMG
بزنس مین گروپ

محمد سلیم بیکیا
چیئرمین

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر






Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

pindo deli
paper producs

IBM
PAKISTAN




VERITAC

SELF ADHESIVE STICKER PAPER
INDONESIA

Today, Labelstock Products have been used in various industrial sectors, and thus, we're continuously developing new products to meet the market demand for ace labeling, retail outlet labeling, barcode label, and other general end use.

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road, Karachi-74000.
UAN: 111-IBM-PAK | Tel: +92-21-32627061-63 | Fax: +92-21-32629786
Email: saleemmitc@cyber.net.pk | saleemibm@cyber.net.pk
Web: ibmpakistan.com

Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

indah kiat
pulp & paper Products

# WELCOME TO
## OUR WORLD OF COLOURS




IK GOLD, X-BRITE
IK COPY PAPER




SINARSPECTRA
premium colour paper



spectra color
premium color paper

### PHOTOCOPIER PAPER

SPECTRA COLOR, SINAR SPECTRA,
PAPERLINE, BLC, PPC BROWN, PPC BLUE,
PPC ORANGE, PAPERLINE 2000

### CAST COATED BOARDS

| | |
|---|---|
| SINAR ROYAL | C2S GRAPHIC BOARD |
| SINAR VANDA | C1S WHITE BACk HIGH-BLUK |
| SINAR PLEX | C1S DUPLEX BOARD GREY BLACK / E-PLEX BOARD |
| SINAR FOLD | C1S WHITE BACK |
| SINAR CARD | C1S DUPLEX BOARD WHITE BACK |



### QURAN PAPER

PREMIUM QUALITY HIGH SMOOTHNESS
COLOR PAPER
Sinar Tech



### SINARSPECTRA
### COLOR CUBE



### FOR BOOKING CONTACT

IBM
ISO 9001:2015 CERTIFIED

**INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT**

First ISO 9001:2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ہفت روزہ
# پیپر بزنس کراچی

اشاعت: بروز جمعہ

**پبلشر حرا رؤف**

نے پرنٹر عبدالغیور، ٹارگٹ پرنٹرز سے چھپوا کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا

یہ شمارہ 22 رنگین اور 18 عمومی صفحات پر مشتمل ہے

**رابطہ افس**

A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی

137 سی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی

رابطہ: 021-32632362-0308-2933229

weeklypaperbusiness@gmail.com

**بانی: محمد رؤف**

**ایڈیٹوریل بورڈ**

پبلشر و ایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف

اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی

ڈیزائننگ: سمیر انصاری

پیج میکنگ: عمران صدیقی

**چارجز**

قیمت: 70 روپے

سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے

سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے

سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے

آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی

A/c-No: 010256027140112960

IBAN:PK72SUMB0256027140112960

## دونوں سائیڈ کوٹڈ گلوس پیپر کلاسیفکیشن تنازع پر سپریم کورٹ میں اپیل

اسلام آباد (پیپر بزنس نیوز) سندھ ہائی کورٹ کی جانب سے میسرز بلال برادرز کو پبلک نوٹس نمبر 1/2021 کے خلاف دائر پٹیشن میں ریلیف نہ ملنے کے خلاف دائر پٹیشن پر سپریم کورٹ نے ریلیف دے دیا۔ 3 مارچ کو ہونے والی سماعت میں میسرز بلال ٹریڈرز نے موقف اختیار کیا تھا کہ سندھ ہائی کورٹ میں اس سے ملتی جلتی متعدد پٹیشن زیر سماعت تھیں جس میں پبلک نوٹس نمبر 1/2022 جو کہ دونوں سائڈ کوٹڈ رائٹنگ پرنٹنگ پیپر کی کلاسیفکیشن سے متعلق ہے، کو چیلنج کیا گیا تھا اور استدعا کی گئی تھی کہ جب تک اس بارے میں فیصلہ نہ ہو جائے اسے دفعہ 81 کے تحت عبوری کلیرنس کی اجازت دے دی جائے۔ اور سندھ ہائی کورٹ نے انہیں یہ ریلیف دے دیا تھا۔ تاہم عدالت نے بلال برادرز کے کیس میں موقف اختیار کیا کہ ایف بی آر کو اس سلسلے میں مکمل اختیار ہے لہٰذا وہ اس سلسلے میں کوئی ریلیف نہیں دے سکتی۔ ہائی کورٹ کے اس فیصلے کے خلاف میسرز بلال ٹریڈرز اور دیگر نے سپریم کورٹ میں اپیل کی تھی جسے سماعت کے لیے منظور کرتے ہوئے فریقین کو نوٹس جاری کر دیئے گئے۔ بلال ٹریڈرز نے موقف اختیار کیا تھا کہ ہائی کورٹ نے بغیر کسی قانونی نکتہ کے اس کیس کو سنگل آؤٹ کر دیا جو کہ خود ہائی کورٹ کے متعدد فیصلوں کے خلاف ہے۔ جس پر عدالت عالیہ نے بلال ٹریڈرز کو عبوری کلیرنس کی فوری ریلیف دے دی اور اپیل کو سماعت کے لیے منظور کر لیا۔ سپریم کورٹ میں سماعت کے لیے منظور ہونے پر توقع ہے کہ اب کلاسیفکیشن سے متعلق جاری پبلک نوٹس کا بھی حتمی فیصلہ ہو جائے گا۔

### شیڈونگ چمنگ کے آئٹمز میں 50 ڈالر فی ٹن اضافہ

کراچی (خصوصی رپورٹ) شیڈونگ چمنگ پشیپفر نے 3 مارچ کو ایک سرکلر کے ذریعے مطلع کیا ہے کہ خام مال اور توانائی کی قیمتوں میں اضافے کی وجہ سے یکم اپریل سے تمام مصنوعات کی قیمتوں میں 50 ڈالر فی ٹن کا اضافہ کیا جائے گا۔ جن آئٹمز پر اس کا اطلاق ہوگا وہ یہ ہیں۔ فولڈنگ باکس بورڈ دونوں سائیڈ کوٹڈ، آرٹ بورڈ، کپ اسٹاک، فوڈ پیکیجنگ بورڈ، کوٹڈ کرافٹ بیک کوٹڈ آرٹ پیپر، کاپی پیپر۔ کمپنی نے کہا ہے کہ وہ امید کرتی ہے کہ آپ اس قیمت میں اضافے کی ضرورت کو سمجھیں گے۔

## یوکرین پر روسی حملہ، دنیا بھر میں بحری اور فضائی تجارت متاثر ہونے لگی

نیویارک (انٹرنیشنل نیوز ڈیسک) یوکرین پر روسی حملے کے نتیجے میں دنیا بھر میں بحری اور فضائی تجارت متاثر ہونے لگی، امریکی جریدے نے خبردار کیا ہے کہ حالات میں بہتری نہ آسکی تو تجارتی سامان کی ترسیل کے اخراجات مزید بڑھ جائیں گے۔ امریکی اخبار نیویارک ٹائمز کے مطابق موجودہ حالات جاری رہے تو بحری اور فضائی راستے سے تجارت انتہائی مہنگی ہو جائے گی، اس وقت 40 فٹ کنٹینر کا کرایہ جو 10 ہزار ڈالر ہے، بڑھ کر 30 ہزار امریکی ڈالر تک پہنچ سکتا ہے۔ رپورٹ کے مطابق حالیہ کشیدگی کے باعث بحری جہازوں کے ذریعے سامان کی ترسیل کرنے والی دنیا کی بڑی کمپنی مرسک نے اپنے آپریشنز بند کر دیے ہیں، اس وقت یوکرین کی سب سے بڑی بندرگاہ مکمل بند ہے جس کے باعث 200 سے زائد کارگو بندرگاہ سے گذرنے کا انتظار کر رہے ہیں۔ دوسری جانب روس نے 36 مملک کے لئے فضائی حدود کو مکمل طور پر بند کر دیا ہے، جس کے سبب ایئر کارگو کے کرائے بھی بڑھنے کا خدشہ ہے۔ اس قبل سے کورونا وبا کے سبب شپنگ ریٹ تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئے تھے۔

## کسٹم انٹیلی جنس نے کراچی میں پیپر اور پیپر ویسٹ کی درآمد پر ریگولیٹری ڈیوٹی کی چوری کا پتہ لگایا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) کسٹمز انٹیلی جنس اینڈ انویسٹی گیشن کراچی (I&I) نے میسرز سعد امپیکس کی جانب سے پیپر اور ویسٹ پیپر کی درآمد پر حکومتی ریونیو کی چوری کا سراغ لگایا ہے۔ اس معلومات کی تعمیل میں کہ میسرز سعد امپیکس اصل تفصیل اور مقدار یا مختلف پیپر/ بورڈ اور ویسٹ پیپر کا غلط اعلان کر کے ڈیوٹی/ ٹیکس کی چوری میں ملوث ہے، ایک کنٹینر میں متنوع پیپر/ بورڈ اور ویسٹ پیپر کا اعلان کیا گیا تھا۔ کیو آئی پورٹ قاسم پر گیٹ اسٹاف کو تفویض کرنے کے بعد آن لائن بلاک کر دیا گیا۔ ایگزامینیشن کے بعد، جی ڈی کی جانچ پڑتال کے دوران یہ پایا گیا کہ ان کوٹڈ پرنٹنگ/ رائٹنگ پیپر کو ان کوٹڈ پیپر شیٹ کے طور پر قرار دیا گیا جس پر ڈیوٹی کا تخمینہ 4802.5890 ہیڈنگ کے تحت کیا گیا تھا جبکہ 4802.6200 پر 10 فیصد آر ڈی عائد ہے۔ جس کے نتیجے میں 857031 روپے کی ڈیوٹی/ ٹیکس کی چوری ہوئی، جو درآمد کنندہ سے قابل وصول ہے۔ جب سامنا ہوا، درآمد کنندہ میسرز سعد امپیکس نے ڈیوٹی/ ٹیکس کی تفریق رقم کے حساب سے کلکٹر آف کسٹمز، پورٹ قاسم کے حق میں میسرز میزان بینک میں -/87000 روپے کا پے آرڈر دیا۔ پی سی ٹی 4802.5890 کے تحت ماضی کی کلیرنس کی بھی چھان بین کی گئی ہے اور یہ پتہ چلا ہے کہ متعدد جی ڈیز کا غلط اندازہ لگایا گیا تھا۔ ایک اہلکار نے بتایا کہ درآمد کنندہ کے ماضی کے جی ڈیز کا دوبارہ جائزہ لیا جا رہا ہے اور حکومت کی جائز آمدنی کی وصولی کے لیے ریکوری شروع کی جائے گی۔ ایک اہلکار نے بتایا کہ ڈائریکٹر کراچی محفوظ سعید ایک انتہائی قابل اور ایماندار افسر ہیں اور انہوں نے انتہائی قابل افسران کو حساس عہدوں پر تعینات کیا ہے جیسا کہ ایڈیشنل ڈائریکٹرز غلام نبی کمبوہ (اپریزمنٹ) اور ایڈیشنل کلکٹر عمر شفیق (اے ایس او)۔ مزید یہ کہ آئی اینڈ آئی کراچی نے ڈپٹی ڈائریکٹر امجد راجپر، ڈپٹی ڈائریکٹر نوشین ریاض اور ڈپٹی ڈائریکٹر توصیف گور چانی پر مشتمل ایک انتہائی موثر ٹیم تیار کی تھی۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# رشیا یوکرائن جنگ، لاجسٹک پابندیاں، چین میں پلپ کی قلت، قیمتیں آسمان پر پہنچ گئیں، تاجر پریشان

**خصوصی رپورٹ**

دنیا میں پلپ اور پیپر کی گلوبل ٹریڈ پر نظر رکھنے حوالے عالمی تجزیہ کار ادارے RISI کی ایک تازہ ترین رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ رشیا اور یوکرائن میں جنگ شروع ہونے کے بعد سے چائنا میں درآمدی پلپ کی قیمتوں میں زبردست اضافہ ہوگیا ہے جبکہ پیپر بنانے کے لئے درکار پلپ اسٹاک بھی مقررہ شرح سے کم ہونے کی وجہ سے ملک میں پیپر کی قلت کا خدشہ بھی پیدا ہوگیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق چائنا میں بلیچڈ سافٹ ووڈ کرافٹ پلپ (BSK) اور ان بلیچڈ سافٹ ووڈ بورڈ کرافٹ پلپ (USK) کی شدید کمی محسوس کی جارہی ہے جبکہ صارفین کی جانب سے ڈیمانڈ میں اضافے کے باوجود قیمتوں میں ہونے والے اضافے نے سپلائی لائن کو شدید متاثر کیا ہے اور سپلائی اور ڈیمانڈ کے درمیان ایک بڑا گیپ پیدا ہوگیا ہے۔ پچھلے دو ہفتوں میں چائنا کی مارکیٹوں میں پلپ کے مختلف درآمدی برانڈز بشمول بلیچڈ ہارڈ ووڈ کرافٹ پلپ (BHK) ان بلیچڈ سافٹ ووڈ کرافٹ پلپ (USK) بلیچڈ کیمی تھرمل مکینکل پلپ (BCTMP) بلیچڈ سافٹ کرافٹ پلپ (BSK) اور دیگر مشہور برانڈز کی قیمتوں میں تیس سے نوے ڈالر فی ٹن تک اضافہ ہوگیا ہے جس نے صارفین کی پریشانیوں میں اضافہ کردیا ہے اور بیوپاریوں کے ہوش اڑا دیے ہیں۔ تاجروں کا کہنا ہے کہ اب مال اسٹاک کرنا بہت مشکل ہوگیا ہے کہ اتنی زیادہ قیمت کا خریدا ہوا مال آگے چل کر صارفین کو کس قیمت پر فراہم کیا جائے گا اس بارے میں کوئی بات یقین سے نہیں کہی جاسکتی۔ کینیڈا کی چائنا کو پلپ سپلائی کرنے والی ایک بڑی کمپنی ویسٹ فریزر کا کہنا ہے کہ اس نے اپنے سافٹ ووڈ پلپ، اور ہارڈ ووڈ پلپ (BCTMP) کی قیمتوں کو ایک سو دس ڈالر فی ٹن پر روکنے کی کوشش کی ہے لیکن یہ صرف مارچ 2021 کے آرڈر کے لیے ہی ہے۔ ویسٹ فریزر کے ترجمان کا کہنا ہے کہ چائنیز صارفین اور سپلائرز دونوں کو معلوم ہے کہ پلپ کی برآمدی قیمتوں میں اضافہ ہی ہونا ہے۔

چائنا کے تاجروں کا کہنا ہے کہ وہ اپنے صارفین کے آرڈرز ہی پورا نہیں کر پا رہے تو مال اسٹاک کرنے کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا کیونکہ مال کی نقل وحمل میں عالمی پابندیوں کی وجہ سے شدید مشکلات حائل ہیں۔ تاجروں کا کہنا ہے کہ بڑھتی ہوئی قیمتوں کی وجہ سے وہ مخمصے کا شکار ہیں کہ مستقبل میں پلپ اور پیپر کی درآمدی قیمتوں کی صورتحال کیا ہوگی اور مالیاتی بحران سے کیسے بچا جائے گا۔ تاجروں کا کہنا ہے کہ اب تو وہ یہ سوچ رہے ہیں کہ مالیاتی خسارے کو مینج کیسے کیا جائے اور اگر کسی سودے میں ثالثی کی ضرورت پڑی تو شنگھائی اسٹاک ایکسچینج ان کی مدد بھی کرسکے گا کہ نہیں۔

چائنا میں سافٹ ووڈ پلپ اور بلیچڈ سافٹ ووڈ پلپ (BSK) کی قیمت 929 ڈالر فی ٹن تک پہنچ گئی ہے جس میں ویٹ اور لاجسٹک کے اخراجات شامل نہیں ہیں۔ پچھلے صرف ایک ہفتے میں کینیڈا سے ایکسپورٹ ہونے والے پلپ کی قیمتوں میں بیس سے تیس ڈالر فی ٹن تک کا اضافہ ہوا ہے اور پلپ کی قیمت آٹھ سو ساٹھ ڈالر سے 920 ڈالر فی ٹن تک پہنچ گئی ہے۔ تاجر نئے آرڈر دینے میں ہچکچا رہے ہیں کیونکہ کسی کو نہیں معلوم کہ قیمتوں کا اونٹ کس کروٹ بیٹھے گا کوئی بھی تاجر رسک لینے کو تیار نہیں ہے۔

روس اور یوکرین کے درمیان جنگ شروع ہونے کے بعد سے پلپ اور پیپر کی گلوبل ٹریڈ میں تیزی سے تبدیلی واقع ہورہی ہے اور پلپ کے مختلف برانڈز کی قیمتوں میں بہت تیزی کے ساتھ ردوبدل ہورہا ہے صرف روس کی پیپر مارکیٹ میں استحکام دیکھا گیا ہے اور وہاں قیمتیں ابھی تک منجمد ہیں لیکن لاجسٹک کی مشکلات کی وجہ سے مال کی نقل وحمل میں مشکلات ہیں۔

امریکہ اور یورپی یونین کی جانب سے روس پر لگائی جانے والی پابندیوں کے بعد چائنا کے درآمدی تاجر سخت پریشان ہیں کہ انہیں روس سے مال کی سپلائی جاری رہ سکے گی کہ نہیں اور اگر ان کے آرڈرز کی مالیت میں اضافہ ہوگیا تو وہ قیمتوں میں اضافے کو کیسے پورا کریں گے۔ چائنا کو پلپ اور پیپر فراہم کرنے والی روس کی سب سے بڑی کمپنی ایلم گروپ نے اعلان کیا ہے کہ اسے ابھی تک چائنا سے اپنے کاروباری روابط اور مال کی نقل وحمل کے دوران کوئی مشکل پیش نہیں آئی ہے اور اس کا کاروبار حسب معمول جاری ہے۔ ایلم گروپ کا شمار چائنا کو پلپ اور پیپر فراہم کرنے والی دنیا کی 3 بڑی کمپنیوں میں ہوتا ہے اور پچھلے سال چائنا نے ان کمپنیوں سے 10 لاکھ ٹن سے زیادہ بلیچڈ سافٹ ووڈ پلپ (BSK) درآمد کیا تھا۔ چائنا کو مال فراہم کرنے والی کمپنیوں کی زیادہ تر انسٹالیشن سائبریا کے علاقے میں ہے جہاں سے چائنا کو بذریعہ ریل مال سپلائی کیا جاتا ہے جس کی وجہ سے روس کو چائنا کے ساتھ مال کی نقل وحمل میں کوئی خاص پرابلم درپیش نہیں ہے۔ اس کے علاوہ روس اپنی دو اور بندرگاہوں سے بھی چائنا کو مال سپلائی کرتا ہے جس کے درمیان عالمی پابندی حائل نہیں ہوتی۔ زیادہ تر مال ولاڈی ووسٹک سے برآمد کیا جاتا ہے کیونکہ چین میں ابھی تک کورونا زیرو ٹالیرنس پالیسی چل رہی ہے اسی وجہ سے روس کے کئی کارگو جہاز منزولی اور ایرنہاٹ میں روک بھی لئے گئے جو منگولیا کا علاقہ پڑتا ہے۔

رپورٹ کے مطابق روسی کمپنیوں کو چائنیز صارفین کی جانب سے ادائیگیاں بھی موصول ہورہی ہیں اور یہ ادائیگیاں سوئٹزرلینڈ کے بینکوں کی جانب سے کی گئی ہیں۔ تھائی لینڈ کے پروڈیوسرز کا کہنا ہے کہ انھوں نے چائنا کو سات سو پچاس ڈالر فی ٹن کے حساب سے پبلیچڈ ہارڈ ووڈ کرافٹ پلپ (BHK) ایکسپورٹ کیا ہے جبکہ یہی ریٹ تھائی لینڈ کی مقامی مارکیٹ میں بھی دستیاب ہے مگر اب تھائی تاجر بھی پریشان ہیں کہ اگر عالمی پابندیوں کا اثر ایشیائی سمندروں تک پہنچا تو وہ کیا کریں گے۔

اگر امریکہ اور یورپی ممالک نے روس پر عائد پابندیوں پر عملدرآمد کرانے میں سختی برتی اور سمندری راستے بلاک کئے تو دنیا پلپ اور پیپر کے بحران سے دوچار ہوسکتی ہے جس کا کوئی متبادل بھی نہیں ہوگا۔

# پولیس نے اپنی ذمہ داری تاجروں پر ڈال دی

## کراچی میں تاجروں کو دکانوں پر کیمرے لگانے کی ہدایت

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پولیس نے ایک بار پھر شہر کراچی کے تاجروں کو دکانوں پر سی سی ٹی وی کیمروں کی تنصیب کے حوالے سے نوٹس جاری کردیے۔ پولیس نے شہر کے مختلف علاقوں میں تاجروں کو اپنی دکانوں پر سی سی ٹی وی کیمروں کی تنصیب کے حوالے سے نوٹس جاری کردیے ہیں۔ نوٹس میں سندھ سیکیورٹی آف ونرل ایبل اسٹیبلشمنٹ آرڈیننس 2015 کا حوالہ دیا گیا ہے جس کے مطابق سیکیورٹی کے انتظامات نہ کرنے کی صورت میں تاجروں کے خلاف ہی کارروائی کی جاسکتی ہے، کارروائی میں 6 ماہ تک قید یا 45 ہزار روپے جرمانے تک کی سزا ہوسکتی ہے جبکہ کاروبار سیل بھی کیا جاسکتا ہے۔ نوٹس میں کہا گیا ہے کہ کم از کم 4 میگا پکسل کے سی سی ٹی وی کیمرے ہوں جن کے اندر رات میں دیکھنے کی (نائٹ وژن) بھی صلاحیت ہو۔ اس کے ساتھ ساتھ یو پی ایس لگائیں تاکہ ریکارڈنگ محفوظ رہے اور ریکارڈنگ کا بیک اپ بھی کم از کم 15 روز کا ہونا چاہیے، کیمروں کے اینگل اس مناسبت سے ہوں کہ سڑک کے دونوں اطراف کور ہوں تاکہ سڑک پر ہونے والی نقل وحرکت پر نظر رکھی جاسکے۔ یاد رہے کہ تقریباً دو سال پہلے بھی اس قسم کے اقدامات کیے گئے تھے، کراچی پولیس نے شہر کے مختلف علاقوں میں دکانداروں اور تاجروں کو نوٹس دے کر متنبہ کیا تھا کہ وہ جلد از جلد اپنی دکانوں کے باہر کیمرے لگائیں لیکن پھر کورونا وبا کے دوران جب لاک ڈاؤن نافذ کیا گیا تو اس پر عملدرآمد روک دیا گیا، اب دوبارہ یہ سلسلہ شروع کردیا گیا ہے۔ یہاں یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ اس اقدام سے پہلے سے ہی تباہ حال تاجر حضرات کو مزید اضافی مالی بوجھ برداشت کرنا پڑے گا کیونکہ کیمروں کی تنصیب، یو پی ایس اور ریکارڈنگ محفوظ رکھنے کے لیے مسلسل خطیر رقم درکار ہوتی ہے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

حصہ دوم (پہلی قسط)

# کاغذ اور کاغذ بورڈ کی خرید و فروخت کے عمومی تجارتی قوانین

ترجمہ: علیم احمد

## (ب) کاغذ اور پیپر بورڈ کی فروخت کے عمومی تجارتی قوانین

1۔وزن (کمیت): جب تک وضاحت نہ کی جائے تو لفظ "ٹن" سے مراد ایک ہزار (1000) کلوگرام ہی ہوگی۔

2۔فراہم کردہ مقدار جو وزن کی صورت میں بیان کی جاتی ہے اور اس پر انحصار کرتی ہے، اس وقت متعین کی جائے گی جب اشیاء (Goods) تیار اور پیک کی جائیں۔ ریلوں (Reels) اور پیک شدہ شیٹوں (Sheets) کی بڑی مقدار کا تمام وزن (Gross Weight) ہی اس کا حتمی وزن (Net Weight) سمجھا جائے گا۔ ریلوں کے لئے ریپنگ، گٹی (core) اور پلگس، جبکہ شیٹوں کے لئے ریپنگ بھی وزن میں شامل ہیں۔ کاغذ کی گنتی کی گئی شیٹوں اور ریم کے لئے وزن پر شق نمبر 5(a) کا اطلاق ہوگا۔

واجب الادا رقم (جو خریدار ادا کرے گا) کا تعین، کاغذ کی فراہم کردہ مقدار پر ہوگا جو خریدی جائے گی۔ اس کے علاوہ کاغذ کی خریدی گئی مقدار میں کمی بیشی کی گنجائش بھی پہلے سے معاہدے کے ذریعے طے کی جائے گی، جس کی حدود میں ہونے والی کمی بیشی، قابل گرفت نہیں ہوگی۔ ذیل میں دی گئی شق نمبر 7 کی رو سے اوزانئے (Grammage) اور سائز میں زیادہ تبدیلی یا فرق کی صورت میں گنجائش کی شق 5 اور 6 کا اطلاق ہوگا اور خریدار کے حقوق ہمیشہ محفوظ رکھے جائیں گے۔

## 3۔مقدار: گنجائش (Tolerance)

کاغذ یا پیپر بورڈ کا وہ آرڈر جو فروخت کنندہ کے عمومی اسٹاک کی حد سے باہر ہو تو اسے باہمی معاہدے کے مطابق پورا کیا جائے گا بشرطیکہ فروخت کنندہ، خریدار کو ان اشیاء کی فراہمی اس طرح کرے کہ ان میں کمی بیشی ذیل میں دی گئی گنجائش (Tolerance) کے اندر اندر ہو۔ اگر ڈیلیوری میں کئی لاٹیں ہوں جیسا کہ 5(a) میں بتایا گیا ہے تو ہر لاٹ کو الگ الگ سمجھا جائے گا۔

A–180 گرام فی مربع میٹر تک کے اوزانئے (Grammage) کے لئے (علاوہ ذیل کے نکتہ C کے)

| معاہدے کے مطابق مقدار | قابل قبول کمی بیشی |
|---|---|
| ایک ٹن سے کم | +15% |
| ایک سے 5 ٹن تک | +10% |
| 5 ٹن سے 10 ٹن تک | +7.5% |
| 5 ٹن سے 100 ٹن تک | +5% |
| 100 ٹن یا زیادہ | +3% |
| رنگین کوالٹی کے لئے | +2.5% اضافی |

B–180 گرام فی مربع میٹر سے زیادہ کے لئے (ذیل کے نکتہ c کے علاوہ)

### نوٹ

یہ آرٹیکل 1996 میں قسط وار شائع کیا گیا تھا جس کا حصہ دوم قارئین کے لئے پیش خدمت ہے، تاریخیں مندرجہ ذیل ہیں۔

پانچویں قسط: مورخہ 27 مارچ تا 2 اپریل 1996، شمارہ نمبر 14

چھٹی قسط: مورخہ 3 تا 9 اپریل، شمارہ نمبر 15

ساتویں قسط: مورخہ 10 تا 16 اپریل، شمارہ نمبر 16

آٹھویں قسط: مورخہ 24 تا 30 اپریل، شمارہ نمبر 17/18

| معاہدے کے مطابق مقدار | قابل قبول کمی بیشی |
|---|---|
| 5 ٹن سے کم | +15% |

B,A اور C میں بیان کردہ کمی بیشی اسی اصول کے مطابق کم یا زیادہ کی جائے گی اور اس کے مطابق خریدار کو خرید کردہ مال میں کم از کم یا زیادہ سے زیادہ وزن پر مذکورہ نکات کو ذہن میں رکھنا ہوگا۔

## ۴۔مقدار: دعویٰ جات

خرید کردہ کاغذ یا متعلق مصنوعات کی فراہم کردہ مقدار میں کمی بیشی کے متعلق دعوی جات (Claims) کاغذ کی فراہمی کے سات (۷) دن کے اندر اندر خریدار کی جانب سے دائر کئے جاسکیں گے۔ اس مقصد کے لئے خریداری کے معاہدے کی دستاویزات ضروری ہیں، جن میں خرید کردہ کاغذ کی تفصیلات تصدیق کے ساتھ درج ہوں گی۔

اگر کوئی کمی مال کے ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونے کے دوران ہوئی ہو تو خریدار کو مال کی رسید کے ساتھ ذریعہ منتقلی (Carrier) کی واضح نشاندہی کرنا ہوگی۔

## ۵۔مقدار: گرامیج کی گنجائش

### (a) اصطلاحات کی وضاحت

ترسیل (Delivery) سے مراد وہ تمام اشیاء ہیں جو ایک معاہدے کے تحت آتی ہوں اور ایک وقت میں فراہم کی گئی ہوں۔

لاٹ (Lot) سے مراد کاغذ یا ایک ہی قسم اور مخصوص نوعیت کا پیپر بورڈ ہے جو ایک اور یکساں کارخانے کا تیار کردہ ہو اور ایک ہی وقت میں فراہم کیا گیا ہو۔

یونٹ سے مراد ریل، بیل، پیلٹ، پارسل یا دوسرے ٹرانسپورٹ پیکیج ہیں۔

اوزانئے (گرامیج) سے مراد کاغذ یا پیپر بورڈ کا وزن فی مربع میٹر ہے۔

آرڈر گرامیج (Grammage Order) سے مراد وہ گرامیج ہے جس کی وضاحت معاہدے میں کی گئی ہو۔

اصل گرامیج (Actual Grammage) سے مراد کاغذ یا پر بورڈ کی گرامیج کا حسابی اوسط (Arithmetic mean) ہے جسے لاٹ سے نمونے لے کر اور تجزیہ کر کے حاصل کیا جاتا ہے۔ اس ضمن میں اسکین پی 61:1 اور اسکین پی 75:6 نامی طریقے بالترتیب استعمال کئے جاتے ہیں۔ دوسری صورتوں میں اسکین (Scan) کے دیگر طریق ہائے کار بھی استعمال کئے جاسکتے ہیں۔ نیوز پرنٹ، مکنیکل پرنٹنگ، میگزین پیپر، لائنر اور فلوٹنگ کے لئے اصل گرامیج میں ان کی تیاری کے وقت موجود نمی کی مقدار بھی اوزانئے میں شامل ہوتی ہے۔

کسی ڈیلیوری میں شیٹوں (Sheets) کے بیان کردہ وزن سے مراد یہ لی جائے: شیٹوں کی فراہم کردہ تعداد x معاہدے کے مطابق ان کا رقبہ X معاہدے کے مطابق ان کی گرامیج

گرامیج میں گنجائش سے مراد آرڈر کردہ اور فراہم کردہ گرامیج میں فیصد فرق ہے یہ فرق آرڈر کردہ گرامیج کو مرکز مان کر لیا جائے گا۔

## (b) تصریحات Stipulations

کاغذ یا پیپر بورڈ کی کوئی لاٹ اوزانئے (گرامیج) کے اعتبار سے اس وقت درست طور فراہم کردہ تصور کی جائے گی۔

(1) جب آرڈر کردہ اور فراہم کردہ گرامیج کا فرق ذیل میں دیئے گئے جدول A اور B میں بالترتیب کاغذ اور پیپر بورڈ کے لئے بیان کردہ گنجائش Tolerances کی حدود میں رہے۔

(C) جدول A: کاغذ کی مختلف اقسام کے لئے گنجائش Tolerance

| لاٹ کا وزن (ٹن میں) | پرنٹنگ اور رائٹنگ پیپر 38 تا 80 گرام مربع میٹر (%) | کریفٹ اور کوٹڈ پیپر (%) | دیگر (%) |
|---|---|---|---|
| 1 (کم از کم) | ±5 | ±9.0 | ±7.0 |
| 5 | ±3.6 | ±6.5 | ±5.1 |
| 10 | ±3.2 | ±5.7 | ±4.4 |
| 20 | ±2.7 | ±4.9 | ±3.8 |
| 50 | ±2.3 | ±4.1 | ±3.2 |
| 100 | ±2.0 | ±3.6 | ±2.8 |
| 500 | ±1.4 | ±2.6 | ±2.0 |
| 1000 | ±1.3 | ±2.3 | ±1.8 |
| 3000 | ±1.0 | ±1.8 | ±1.4 |

(d) جدول B: پیپر بورڈ کی مختلف اقسام کیلئے گنجائش

| لاٹ کا وزن (ٹن) | آرڈر کردہ گرامیج گرام پر 450 گرام سے زیادہ | مربع میٹر 450 گرام کے برابر یا کم |
|---|---|---|
| ایک ٹن لیکن 15 ٹن سے کم | ±5.0 | ±8.0 |
| 15 تن لیکن 60 ٹن سے کم | ±4.0 | ±5.5 |
| 60 ٹن اور زیادہ | ±3.5 | ±4.0 |

(جاری ہے)



یہ شمارہ 113 گرام نیو یا آرٹ پیپر گلوس چائنا برانڈ پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

ANM

# A N M TRADING CO

## Importer : Paper & Paper Board

## Deals in:

**OFFSET PRINTING PAPER I.P.M BRAND**

**Folio Sheets, Rolls & A-4,( U.A.E Origin)**

**COATED ART PAPER & ART CARD**

*1st Floor Bikiya Manzil Faiz Muhammad Fateh Ali Road Karachi-Pakistan*
*Phone: 021-32628604-32628495 / 0300-2127195 Email: sameed01@hotmail.com*



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# PAPERLINE

Our Quest Superiority has Made us Professional CAUSE WE ARE PAPERLINE LINE OF PROFESSSIONALISM

## HI - GRADE PREMIUM PAPER

# A4

**21x29.7 cm**
**500 SHEETS**

# 80 GSM




BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award TM IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award TM IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012

IBM TM
ISO 9001.2015 CERTIFIED

## FOR BOOKING CONTACT

### INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001.2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

A QUALITY PRODUCT BY
APP
WWW.ASIAPULPPAPER.COM
Produced By
PT.Indah Kiat Pulp & Paper Tbk





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# HI-KOTE®

金海浆纸
JINHAI PULP & PAPER

## Features

- Wood free coated paper with smooth matt surface
- Excellent thickness
- Superior in elegant printing requirement
- Blue-white color shade and high brightness
- High opacity
- Good printing brilliance
- Fast ink set

## Specifications

| HO-KOTE C2S Matt | | | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Item | Unit | Test Method Reference | | | | | | | | | | | | | |
| Basis Weight | g/m² | ISO536 | 90 | 100 | 105 | 115 | 120 | 128 | 130 | 150 | 157 | 170 | 200 | 250 | 300 |
| Thickness | um | ISO534 | 78±4 | 84±4 | 90±4 | 100±4 | 104±4 | 110±4 | 111±4 | 128±4 | 140±4 | 153±4 | 180±4 | 250±7 | 285±8 |
| Brightness | %ISO | ISO2470 | 88-91 | | | | | | | | | | | | |
| Opacity | % | ISO2471 | 89-92 | 92-95 | 92-95 | 93-96 | 93-96 | 94-97 | 94-97 | 96-99 | 96-99 | 97-100 | 97-100 | 97-100 | 97-100 |
| Roughness | um | ISO8791/4 | ≤2.7 | | | | | | | | | | | ≤2.5 | |
| Gloss | % | T480 | 32±5 | | | | | | | | | | | 30±5 | |

Remark: Above are average values.

## Applications

- Publishing and commercial Printing

Our Quest Superiority has Made us Professional CAUSE WE ARE PAPERLINE LINE OF PROFESSSIONALISM

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012

## FOR BOOKING CONTACT

IBM™
ISO 9001:2015 CERTIFIED

### INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN: 111-IBM-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibmpakistan.com

A QUALITY PRODUCT BY
APP
WWW.ASIAPULPPAPER.COM
Produced By
PT.Indah Kiat Pulp & Paper Tbk



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

OOCL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

APL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS


IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.

# یورپ کا پیپر سیکٹر اور نئے ماحولیاتی قوانین کا ایک جائزہ

تحریر: نوید مرزا

یورپ میں جاری ہونے والے نئے ماحولیاتی قانون نے صنعتی وتجارتی حلقوں میں ایک نئی بحث کا آغاز کردیا ہے جس کے مطابق صنعتی حلقوں کو خدشہ ہے کہ ان قوانین سے یورپ کی صنعتی و تجارتی سرگرمیوں پر منفی اثرات مرتب ہوسکتے ہیں اور یورپی سرمایہ داروں اور مزدوروں کے لیے مشکلات میں اضافہ ہوسکتا ہے۔ یورپ کی صنعتی وتجارتی اداروں کی سب سے بڑی مشترکہ تنظیم آل یورپین ٹریڈ یونین نے یورپی پارلیمنٹ سے اپیل کی ہے کہ وہ ماحولیاتی قوانین کے معاملے پر یورپ کے صنعتی وتجارتی حلقوں کو بھی اعتماد میں لے۔ یونین سے تعلق رکھنے والے پلپ اور پیپر سیکٹر کے نمائندوں نے نئے ماحولیاتی قوانین پر اپنے خدشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یورپی پارلیمنٹ نے 2030 کے لیے جو ماحولیاتی بل پاس کیا ہے اس کے مطابق زمین وفضائی آلودگی کی شرح کو پچپن فیصد تک کم کیا جائے گا جسے FIT FOR 55 کا نام دیا گیا ہے۔ اس قانون کے تحت ہر انڈسٹری کو اپنے ہاں آلودگی کی شرح کو کم کرنے والے اقدامات کرنا ہوں گے اور اپنے پلانٹوں سے نکلنے والی فضائی، آبی اور دوسری آلودگیوں کی شرح کو پچپن فیصد تک کم کرنا پڑے گا بصورت دیگر ان پر پابندیاں عائد کی جاسکتی ہیں اور دیگر اقدامات میں جرمانوں سے لے کر فیکٹریوں اور پلانٹوں کی بندش تک شامل ہے۔ پیپر سیکٹر یورپ میں دو تین صدیوں سے موجود ہے اور یہاں جنگلاتی لکڑی کو کاٹنے سے لے کر پلپ اور پیپر بنانے تک مختلف شعبوں میں کم وبیش چالیس لاکھ ورکرز کام کرتے ہیں جبکہ اس سے جڑے ہوئے لاکھوں ایسے ورکرز بھی ہیں جن کا روزگار اس سے کسی نہ کسی طرح وابستہ ہے۔ ان فیکٹریوں اور پلانٹ میں بہت بڑی مقدار میں پانی مختلف اقسام کے کیمیکلز اوردیگر قدرتی وسائل کا استعمال ہوتا ہے اور اس طرح ان پلانٹس سے بڑی مقدار میں آلودگی کا اخراج بھی ہوتا ہے جو فضائی، آبی اور فاضل مادوں کی شکل میں ہوتی ہے۔ پچھلی دو تین دہائیوں سے یورپ میں ماحولیات کے حوالے سے مہمات چلتی رہی ہیں اور مختلف قوانین بھی واضح کئے جاتے رہے ہیں تاہم اب تک ماحولیات کا وہ معیار حاصل نہیں کیا جاسکا جس کی یورپی یونین کے ماہرین توقع کررہے تھے اور اسی لیے اب مزید سخت قوانین لاگو کرنے کا سلسلہ تیز کردیا گیا ہے اور جرمانوں اور پنالٹیز کے ذریعے صنعتی اداروں کو ماحولیاتی قوانین پر عمل کرنے پر مجبور کیا جارہا ہے۔ پیپر سیکٹر کے نمائندوں کا کہنا ہے کہ پلپ اور پیپر بنانے والے ہزاروں اداروں نے اس سلسلے میں حکومت سے بھرپور تعاون کیا ہے اور اگر ماحولیات کو معیاری سطح حاصل نہیں ہوں گی تو اس میں پیپر سیکٹر اکیلا ہی قصوروار نہیں ہے بلکہ اس میں پلاسٹک، اسٹیل اور دوسرے بہت سے صنعتی شعبے بھی شامل ہیں جو بڑی مقدار میں قدرتی وسائل کا استعمال کرتے ہیں اور اسی مقدار میں آلودگی کا اخراج بھی کرتے ہیں۔ آل یورپ ٹریڈ یونین کا کہنا ہے کہ پیپر سیکٹر اب تک کروڑوں ڈالر آلودگی پر قابو پانے اور ماحولیاتی قوانین کو روبہ عمل لانے میں خرچ کرچکا ہے اور یہ عمل ہنوز جاری ہے۔ ہر فیکٹری اور کارخانے میں آلودگی پر قابو پانے والے فلٹرز لگائے جارہے ہیں اور دیگر اقدامات کئے جارہے ہیں اور پچھلے چند سالوں میں کورونا وبا کے پھیلنے اور طویل لاک ڈاؤن کے نتیجے میں یورپ کی صنعتی دنیا میں جو ابتری پھیلی اس سے سب سے زیادہ پلپ اور پیپر سیکٹر متاثر ہوا کیونکہ یورپ سے پلپ اور پیپر کی بڑی مقدار بیرون ممالک کو ایکسپورٹ کی جاتی ہے مگر درآمد برآمد معطل ہونے کی وجہ سے پیپر فیکٹریوں کا مال ایکسپورٹ ہونا بند ہوگیا اور گودام بھر جانے کی وجہ سے مال کی پروڈکشن روکنی پڑی جس کی وجہ سے ملازمین بے روزگار ہوگئے۔ حالات بہتر ہونے پر کام تو شروع ہوا ہے مگر سخت کاروباری حالات کی وجہ سے بہت سی کمپنیاں بند ہوگئیں اور بہت سی کمپنیوں نے اپنی روایتی پیپر سازی چھوڑ کر پیکنگ اور کاروگیٹڈ پیپر سازی شروع کردی کیونکہ یہی وقت کی آواز تھی۔ پلپ اور پیپر ساز کمپنیوں کو اس صورت حال سے نکلنے میں وقت لگا اور ان کا اچھا خاصا سرمایہ کمپنیوں کو پھر سے چالو کرنے اور اپنے پرانے آرڈرز کو بحال کرنے میں استعمال کرنا پڑا اور ایک طرح سے کئی سال کا کاروباری نقصان ہوگیا ایسے میں 2030 تک کا ماحولیاتی ہدف حاصل کرنے میں ایک بڑی دراڑ آگئی جسے پاٹنا بہت ضروری ہے۔ آل یورپ ٹریڈ یونین کے نمائندوں کا کہنا ہے کہ اس تمام تر صورت حال میں یورپی پارلیمنٹ کی جانب سے نئے ماحولیاتی قوانین پر عملدرآمد کے لیے بھاری سرمایہ کاری، ٹیکنالوجی اور اچھا خاصا وقت درکار ہے۔ پلپ اور پیپر سیکٹر پچھلے دنوں ایک بحران سے گزرا ہے اور آنے والے سالوں میں ماحولیاتی آلودگی پر قابو پانے کے لیے اربوں ڈالر کے سرمائے کے ساتھ ساتھ جدید ٹیکنالوجی اور کوآپریشن کی ضرورت ہے۔ پلپ اور پیپر پروڈیوسر یونین اور مزدوروں کے دیگر یونینز نے یورپی یونین کی پارلیمنٹ سے اپیل کی ہے کہ ماحولیاتی قوانین پر عملدرآمد کے طریقہء کار کو آسان بنایا جائے اور کمپنیوں پر لاگو شرائط میں نرمی کی جائے۔ آلودگی پر قابو پانے کے اقدامات کے حوالے سے دیئے گئے وقت کو بڑھایا جائے۔ نیز پلپ اور پیپر سیکٹر کو آلودگی پر قابو پانے کے لیے اٹھائے جانے والے اقدامات کے اخراجات کے لیے سبسڈی دی جائے اس کے بغیر پیپر سیکٹر کا مقررہ وقت تک دیا گیا ہدف حاصل کرنا تقریباً ناممکن ہوگا۔ یونین نے توقع ظاہر کی ہے کہ یورپی پارلیمنٹ ان کی تجاویز پر ہمدردانہ غور کرے اور ان کی تجاویز کو منظور کر کے صنعتی وتجارتی سیکٹر کے ساتھ اظہار یکجہتی کیا جائے۔





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# 40 بڑے شہروں کیلئے غیر منقولہ جائیداد کی طے شدہ نئی ویلیو کا اجرا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے پاکستان کے 40 بڑے شہروں میں غیر منقولہ جائیدادوں کی طے شدہ ویلیو پر نظر ثانی کرتے ہوئے اس کی قیمتوں میں 25 سے 250 فیصد تک اضافے کا اعلان کردیا ہے، قدر کی یہ کمی یکم دسمبر 2021ء کو اعلان کردہ 600 سے 700 فیصد اضافے کے مقابلے میں کئی گنا کم ہے۔ اس سے قبل اس حوالے سے مارکیٹ ویلیو کے بارے میں یکم دسمبر 2021ء کو قیمتیں جاری کی گئی تھیں تاہم اب مملکت کے 40 شہروں میں کمرشل، رہائشی، اپارٹمنٹس، فلیٹس اور دیگر علاقوں میں جائیدادوں کی قیمت پہلے کے مقابلے میں بہت زیادہ حد تک کم کردی گئی ہیں۔ لاہور کے کچھ علاقوں میں 400 فیصد، کراچی کے صرف ایک علاقے میں کئی گنا تک اضافہ، اسلام آباد، پشاور، کوئٹہ، راولپنڈی، سیالکوٹ، حیدرآباد، مری اور دیگر شہر وں میں بھی ویلیوایشن ٹیبل جاری، اطلاق 2 مارچ 2022 سے ہوگیا۔ ایف بی آر کا نظر ثانی شدہ نوٹیفکیشن 2 مارچ 2022ء سے لاگو ہوگیا۔ کراچی کے معاملے میں ایف بی آر نے شہر کو تین مختلف درجوں میں تقسیم کردیا ہے اور جدول کے ذریعہ روپے میں ان کی قیمتیں دی ہیں۔ گراؤنڈ فلور پر اضافی فلورز پر کورڈ ایریا کی فی مربع گز قیمت، کمرشل پراپرٹی کی گراؤنڈ فلور سمیت اضافی منزلوں کی کورڈ پر باقی مربع گز قیمت، اسی طرح انڈسٹریل پراپرٹی میں پورے پلاٹ کے رقبے سمیت فی مربع فٹ کورڈ ایریا کی قیمت پر درجہ بندی کی گئی ہے۔ ایک منزلہ سے زائد پر مشتمل رہائشی عمارت میں ہر اضافی منزل کے ساتھ قیمت میں 25 فیصد اضافہ کردیا گیا ہے جو جائیداد مذکورہ درجہ بندی میں نہیں آتی اسے ضمیمے کے کم ترین درجے میں شامل کیا جائے گا۔ اگر اراضی ایک سے زائد مقاصد یعنی رہائشی، تجارتی اور صنعتی مقاصد کیلئے ہو تو اوسط نرخ کا طریقہ کار اختیار کیا جائے گا۔ ایک فلیٹ کا مطلب علیحدہ پراپرٹی این آئی ٹی نمبر پر طے شدہ اوسط طے شدہ نرخ ہیں کثیر المنزلہ رہائشی عمارتوں میں بیڈروم اور باتھ روم کی بنیاد پر چارجز ہوں گے۔ تجارتی درجہ بندی میں کمرشل پراپرٹی میں درجہ اول سے جہاں تک قیمت 13500 روپے فی مربع گز ہوگی۔ ضمیمے کے سیریل نمبر 44 میں گراؤنڈ منزل تک شامل ہوں گے۔ جائیدادوں کے نرخوں کے حوالے سے جاری کردہ گزشتہ قدر میں ایف بی آر نے قیمتوں کو متعلقہ شہروں کے علاقوں کی مناسبت سے انتہائی حد تک 600 سے 700 فیصد تک بڑھا دیا تھا لیکن اب اوسطاً نظر ثانی شدہ ریٹس 25٪ سے 250٪ فیصد کے درمیان تک رکھے گئے ہیں۔ البتہ لاہور میں کچھ علاقے ایسے ہیں جہاں شرح تناسب میں 400 فیصد تک اضافہ کیا گیا ہے۔ نظر ثانی شدہ نوٹیفکیشن 2 مارچ 2022ء سے لاگو ہوگیا۔ کراچی میں صرف ایک علاقہ ایسا ہے جہاں قیمتوں میں کئی گنا اضافہ کیا گیا۔ ورلڈ بینک کی جانب سے 40 کروڑ ڈالرز قرضوں کی شرائط کے تحت ایف بی آر نے قیمتوں کو مارکیٹ ریٹ کے مطابق رکھنے کے لئے ان میں اضافہ کیا تھا۔ پراپرٹی کی قیمتیں تین اقسام کی ہوتی ہیں۔ ایک ڈی سی کے نوٹیفکیشن، دُوسری ایف بی آر کی ویلیوایشن اور تیسری مارکیٹ ریٹ کے مطابق ہوتی ہے۔ اس سے قبل یکم دسمبر کو ایف بی آر کے فیصلے رئیل اسٹیٹ کا کاروبار کرنے والوں اور ایجنٹس نے شدید احتجاج کیا تھا۔ رئیل اسٹیٹ کنسلٹنٹس ایسوسی ایشن (آر ای سی اے) کے عہدیداروں نے وزیر خزانہ شوکت ترین سے مل کر قیمتوں پر نظر ثانی کے لئے انہیں قائل کرلیا تھا۔ ویلیوایشن جدول پر نظر ثانی کی گئی ہے تاکہ اس شعبے میں زیادہ سے زیادہ ٹیکسوں کے حصول کو ممکن بنانا ہے۔ ایف بی آر نے ایبٹ آباد، اٹک، بہاولپور، بہاولنگر، چکوال، ڈیرہ اسماعیل خان، ڈیرہ غازی خان، فیصل آباد، گھوٹکی، گوجرانوالہ، گجرات، گوادر، حافظ آباد، حیدرآباد، اسلام آباد، جھنگ، جہلم، کراچی، قصور، خوشاب، لاہور، لاڑکانہ، لسبیلہ، مانسہرہ، منڈی بہاء الدین، مردان، میرپورخاص، ملتان، ننکانہ، نارووال، پشاور، کوئٹہ، رحیم یار خان، راولپنڈی، ساہیوال، سرگودھا، شیخوپورہ، سیالکوٹ، سکھر اور ٹوبہ ٹیک سنگھ کے لئے ویلیوایشن ٹیبل جاری کئے ہیں۔ اسی طرح اسلام آباد سیٹلائٹ ٹاؤن، راولپنڈی، مری اور کراچی کے لئے بھی نرخوں کا ازسرنوتعین کیا گیا ہے۔ آر ای سی اے کے نمائندے سردار طاہر اور احسن ملک نے کہا کہ مذکورہ ریٹ آئندہ مالی سال میں بھی جاری رہیں گے۔

## پیپر اور پیپر بورڈ کی پیداوار میں جولائی۔دسمبر 2021 کے دوران اضافہ

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) ملک میں پیپر اور پیپر بورڈ کی پیداوار میں جاری مالی سال کی پہلی ششماہی میں گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلہ میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ پاکستان بیورو برائے شماریات کے اعداد وشمار کے مطابق جاری مالی سال کی پہلی ششماہی میں ملک میں پیپر اور پیپر بورڈ کی پیداوار میں سالانہ بنیادوں پر بالترتیب 11.1 فیصد اور 7 فیصد کی کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ جولائی سے لیکر دسمبر 2021 تک کی مدت میں ملک میں 125,403 میٹرک ٹن پیپر اور 267,719 میٹرک ٹن پیپر بورڈ کی پیداوار ریکارڈ کی گئی ہے، گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں ملک میں 112,833 میٹرک ٹن پیپر اور 250,145 میٹرک ٹن پیپر بورڈ کی پیداوار ریکارڈ کی گئی تھی ۔ دسمبر میں سالانہ بنیادوں پر پیپر اور پیپر بورڈ کی پیداوار میں بالترتیب 5.8 فیصد اور 8. 7 فیصد کی نمو ریکارڈ کی گئی ہے۔ دسمبر 2021 میں ملک میں 21,867 میٹرک ٹن پیپر اور 44,976 میٹرک ٹن پیپر بورڈ کی پیداوار ریکارڈ کی گئی، دسمبر 2020 میں ملک میں 20,674 میٹرک ٹن پیپر اور 41,379 میٹرک ٹن پیپر بورڈ کی پیداوار ریکارڈ کی گئی تھی۔


**توجہ فرمائیں.....!**

ہفت روزہ ''پیپر بزنس'' میں اشتہارات نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کئے جاتے ہیں، ادارہ کا ان کے مندرجات سے متفق ہونا ضروری نہیں۔



**CARBONLESS**
WHITE & COLOUR
*24 X 34 23 X 36*

**CB + CFB + CF CARD**

**Colour Cards**

**COPY PAPER A4**

**CHAND TRADERS**

**Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,**
**Tayyabji Road, Karachi. 74200.**
**Tel: 32627311 - 32627411**

**Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,**
**Ganpat Road, Lahore. 54000**
**Tel:37232889 - 37248501**
**Fax: 37227826**
**E-mail: chandtraders92@gmail.com**





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# درآمدی ومقامی آفسیٹ اور بلیچ بورڈ، آرٹ کارڈ وپیپر، مقامی ڈپلیکس بورڈ سنچری اور فوٹو کاپی پیپر کی قیمتوں میں اضافہ

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیوں میں اس ہفتے مزید تیزی دیکھی گئی اور 9 مارچ 2022 کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں مقامی ڈپلیکس بورڈ سنچری سولجر، پولو اور ایسکاٹس ان کوٹڈ، ونر نیچرل بیک، ونر براؤن بیک، درآمدی آفسیٹ پیپر آئی کے 035 انڈونیشیا، مقامی آفسیٹ پیپر فلائنگ، کراؤن، چناب، فائیو اسٹار، سپریم مل، ٹاپ رائیٹر، سنچری ہائی برائٹ، انڈونیشین پنڈو آرٹ کارڈ گولڈن کوئنز، آرٹ کارڈ ننگبو اسٹار چائنا، بریف کارڈ انڈونیشیا، کلر بریف پنڈوڈیلی، نیویا آرٹ پیپر، درآمدی بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ، چینمنگ، پنڈوڈیلی، مقامی بلیچ بورڈ اسٹرلنگ سنچری، کپ بورڈ سنچری اور فوٹو کاپی پیپر کے مختلف برانڈز کی قیمتوں میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ دیگر برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو ردو بدل ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال اس طرح سے ہے کہ پنڈو آرٹ کارڈ گولڈن کوئن پنڈوڈیلی تمام سائز تمام گرام، 300 روپے سے بڑھ کر 320 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آرٹ کارڈ ننگبو اسٹار چائنا تمام سائز 250۔ 270۔ 300 اور 350 گرام، 305 روپے سے بڑھ کر 310 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ بریف کارڈ انڈونیشیا تمام سائز 120، 150 ، 180، 210، 230، 235 اور 265 گرام، 355 روپے سے بڑھ کر 365 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ کلر بریف کارڈ جنگکار برانڈ پنڈو ڈیلی 22x28 سائز 120، 150 اور 180 گرام، 295 روپے سے بڑھ کر 300 پے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیویا آرٹ پیپر گلوس چائنا تمام سائز 80۔ 90۔ 100۔ 105۔ 113۔ 128 اور 150 گرام، 284 روپے سے بڑھ کر 290 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیویا آرٹ پیپر میٹ چائنا تمام سائز 80۔ 90۔ 100۔ 105۔ 113۔ 128 اور 150 گرام، 284 روپے سے بڑھ کر 290 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ سولجر برانڈ سنچری تمام سائز 225 گرام کی ریل 170 روپے سے بڑھ کر 190 روپے ، تمام سائز 250 گرام کی ریل 170 روپے سے بڑھ کر 194 روپے، تمام سائز 290 گرام کی ریل 166 روپے سے بڑھ کر 190 روپے، تمام سائز 340 گرام کی ریل 166 روپے سے بڑھ کر 190 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ تمام سائز 225 گرام کی شیٹس 174 روپے سے بڑھ کر 190 روپے، تمام سائز 250 گرام کی شیٹس 174 روپے سے بڑھ کر 194 روپے، تمام سائز 290 گرام کی شیٹس 168 روپے سے بڑھ کر 190 روپے، تمام سائز 340 گرام کی شیٹس 168 روپے سے بڑھ کر 190 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ پولو برانڈ سنچری تمام سائز 230 گرام کی ریل 178 روپے سے بڑھ کر 200 روپے ، تمام سائز 250-275 گرام کی ریل 178 روپے سے بڑھ کر 204 روپے، تمام سائز 300-350 اور 400 گرام کی ریل 174 روپے سے بڑھ کر 200 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ تمام سائز 230 گرام کی شیٹس 183 روپے سے بڑھ کر 200 روپے، تمام سائز 250-275 گرام کی شیٹس 184 روپے سے بڑھ کر 200 روپے، تمام سائز 300-350 اور 400 گرام کی شیٹس 180 روپے سے بڑھ کر 200 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ ایسکاٹس ان کوٹڈ تمام سائز 230 اور 300 گرام، کی شیٹس 152 روپے سے بڑھ کر 195 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ اسپارک تمام سائز تمام گرام، 135 روپے سے کم ہو کر 130 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ ونر نیچرل بیک تمام سائز 250، 300 گرام، 128 روپے سے بڑھ کر 130 روپے، تمام سائز 350 گرام، 125 روپے سے بڑھ کر 130 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ ونر براؤن بیک تمام سائز تمام گرام، 123 روپے سے بڑھ کر 128 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ درآمدی بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ چائنا تمام سائز تمام گرام 302 روپے سے بڑھ کر 305 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ بلیچ بورڈ چینمنگ تمام سائز تمام گرام 300 روپے سے بڑھ کر 305 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ بلیچ بورڈ پنڈوڈیلی تمام سائز تمام گرام، 294 روپے سے بڑھ کر 298 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی بلیچ بورڈ ایلی گینٹ سنچری کی 215 گرام کی ریل اور شیٹ 308 روپے سے کم ہو کر 300 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ مقامی بلیچ بورڈ اسٹرلنگ سنچری کی 130 گرام کی ریل 207 روپے سے بڑھ کر اور شیٹ 213 روپے سے بڑھ کر 250 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ کپ بورڈ سنچری کی 200 تا 300 گرام کی ریل 217 روپے سے بڑھ کر اور شیٹ 223 روپے سے بڑھ کر 250 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ درآمدی آفسیٹ پیپر آئی کے 035 انڈونیشیا تمام سائز تمام گرام، 300 روپے سے بڑھ کر 315 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آئی کے 035 مشین/ریل کٹ 70، 75 اور 80 گرام، 295 روپے سے بڑھ کر 310 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر فائیو اسٹار اینڈ لیول اپ، تمام سائز 52 گرام، 134 روپے سے بڑھ کر 140 روپے ، تمام سائز 53 گرام، 146 روپے سے بڑھ کر 155 روپے، تمام سائز 60 گرام، 146 روپے سے بڑھ کر 155 روپے، تمام سائز 63 گرام، 150 روپے سے بڑھ کر 155 روپے، تمام سائز 68 گرام، 146 روپے سے بڑھ کر 155 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر فلائنگ تمام سائز 63 گرام، 163 روپے سے بڑھ کر 176 روپے، تمام سائز 68 گرام ، 162 روپے سے بڑھ کر 175 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر فلائنگ ہائی فنش تمام سائز 70 گرام، 185 روپے سے بڑھ کر 200 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر کراؤن تمام سائز 63 گرام، 163 روپے سے بڑھ کر 179 روپے ، تمام سائز 68 گرام، 162 روپے سے بڑھ کر 178 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر چناب تمام سائز 53 گرام، 143 روپے سے بڑھ کر 155 روپے، تمام سائز 60 گرام، 147 روپے سے بڑھ کر 162 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر سپریم مل تمام سائز 52 گرام، 136 روپے سے بڑھ کر 142 روپے، تمام سائز 60 اور 68 گرام، 142 روپے سے بڑھ کر 155 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر ٹاپ رائٹر تمام سائز 60 گرام، 150 روپے سے بڑھ کر 160 روپے، تمام سائز 68 گرام، 150 روپے سے بڑھ کر 160 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر سنچری ہائی برائٹ تمام سائز تمام گرام، 203 روپے سے بڑھ کر 280 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشا، پی پی سی براؤن 70 گرام، 710 روپے سے بڑھ کر 720 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 70 گرام، 720 روپے سے بڑھ کر 730 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 80 گرام، 850 روپے سے بڑھ کر 860 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو 70 گرام، 725 روپے سے بڑھ کر 740 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی F4B-13۔ 70 گرام، 830 روپے سے بڑھ کر 840 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی F4A-13 .5۔70 گرام، 870 روپے سے بڑھ کر 890 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی 70 گرام ، A3 سائز 1400 روپے سے بڑھ کر 1450 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آریا 70 گرام، 690 روپے سے بڑھ کر 700 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آریا 80 گرام، 690 روپے سے بڑھ کر 695 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ رپورٹ برازیل 80 گرام، 760 روپے سے بڑھ کر 800 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ کاپی پیپر دبئ 70 گرام ، A4 سائز 685 روپے سے بڑھ کر 695 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ کاپی پیپر دبئ 80 گرام ، A4 سائز 680 روپے سے بڑھ کر 690 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ نار کاپی آسٹریلیا 70 گرام، 650 روپے سے بڑھ کر 700 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

توجہ فرمائیے
پیپر بزنس کے سالانہ خریدار بننے اور اشتہارات کی بکنگ کیلئے ابھی رابطہ کریں۔
0308-2933229



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# ہفت روزہ پیپر بزنس 1996 تاریخ کے جھروکوں سے:

۲۴ تا ۳۰/ اپریل ۱۹۹۶ء

## خبروں کا عکس

## موبائل فون اور پیجر سروس کی بحالی کے لئے اقدامات کا آغاز

کراچی (پیپر بزنس نیوز) موبائل ٹیلی فون اور ڈی سی پیجر کی سروس ماہ جون میں بحال کردی جائے گی۔ باوثوق ذرائع کے مطابق یہ فیصلہ کراچی میں امن و امان کی بحالی کے بعد سرمایہ کاری کے فروغ کے پیش نظر کیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق سرمایہ کاری بورڈ نے اس سلسلے میں وزارت مواصلات سے رجوع کیا تھا اور باور کرایا تھا کہ ملکی غیر ملکی اور ملٹی نیشنل کمپنیاں کراچی میں مواصلات کے اس جدید نظام کی بحالی چاہتی ہیں تاکہ انہیں سرمایہ کاری کے دوران دنیا بھر میں درپیش اقتصادی چیلنج کا مقابلہ کرنے میں آسانی ہوسکے۔ وزارت مواصلات نے اس سلسلے میں وزارت داخلہ سے رجوع کیا جس نے بعض تحفظات کے ساتھ ماہ جون میں موبائل فون اور پیجر سروس محدود اور مشروط طور پر بحال کرنے کا اصولی فیصلہ کرلیا ہے تاہم اس سے قبل وزارت مواصلات کے ذریعہ موبائل فون اور پیجر کمپنیوں سے ان کے صارفین سے متعلق بعض وضاحتیں طلب کرلی ہیں جن پر وزارت مواصلات نے موبائل فون اور پیجر کمپنیوں کو ایک خط کے ذریعہ مطلع کیا ہے کہ وہ اپنے صارفین کی فہرست مع ان کے سماجی رتبے کے فراہم کریں۔ ذرائع کے مطابق کراچی کے مخصوص حالات میں وزارت داخلہ نے وزارت مواصلات کے ذریعے صارفین کی شناخت اور ان کی فوری دستیابی کو یقینی بنانے والے کاغذات/اسناد کی نقول بھی تصدیق کے ساتھ طلب کی ہیں۔ ذرائع کے مطابق صارفین کی فہرستیں موصول ہونے کے بعد وزارت داخلہ اس کی اسکروٹنی کرکے کلیرنس دے گی۔



فاسٹ کے چیئرمین محمد جاوید فدا (بائیں طرف) پیپلز پارٹی سندھ کے جنرل سیکریٹری راشد ربانی (درمیان میں) کو کمڈ سیلز ٹیکس اسکیم کی افادیت سے آگاہ کررہے ہیں

## احمد بھائی کیلئے قرآن خوانی کی گئی

کراچی (پیپر بزنس نیوز) ممتاز بروکر احمد بھائی کے انتقال پر ان کے ایصال ثواب کے لئے حسن علی آفندی روڈ پر پیپر مارکیٹ مسجد میں ۲۲/ اپریل کو عصر تا مغرب قرآن خوانی ہوئی۔ جس میں پیپر مارکیٹ سے بڑی تعداد میں ممبران نے شرکت کی۔ بعد ازاں ان کی مغفرت کے لئے دعا بھی کی گئی

## کوٹیکنا کے کنٹری مینجر سے اپما کے وفد کی ملاقات

